CANADA

ووٹ

2015ء فیڈرل الیکشن بلیٹن:

غربت میں کمی

مسئلہ

اس حقیقت کے باوجود کہ حالیہ 4.8 ملین کینیڈین غربت میں گزربسر کررہے ہیں، کینیڈا واحد جی8 ملک ہے جس کے پاس غربت میں کمی کیلئے قومی حکمت عملی موجود نہیں ہے۔

مضمون

فی کس جی ڈی پی (GDP) کی بنیاد پر کینیڈا دنیا میں پندرہواں امیر ترین ملک ہے، اس کے باوجود گزر بسر کیلئے ہر 7 کینیڈین میں سے 1 اپنی بنیادی ضروریات کو پورا کرنے کے قابل نہیں ہے۔ معقول آمدنی والے مستحکم روزگار کی قلت کے باعث، 4.8 ملین کینیڈین مناسب رہائش گاہ، ہیلتھ کیئر، چائلڈ کیئر اور غذائیت سے بھرپور غذا تک رسائی حاصل نہیں کرسکتے۔

معقول آمدنی کی قلت کے علاوہ بھی غربت بہت کچھ ہے؛ یہ ایک مکمل تجربہ ہے جو لوگوں کو کینیڈین معاشرے میں بھرپور طریقے سے حصہ لینے سے نکال باہر کرتا ہے۔ غربت میں زندگی گزارنے والے افراد غیر معیاری رہائش گاہ، بھوک اور ناقص غذائیت، قابل انسداد امراض اور بیماریوں، غیریقینی ملازمت، بڑھتے ہوئے ذہنی دباؤ اور سماجی تنہائی، ناکافی پن کے احساسات، ترقی اور سیکھنے کے کم ہوتے ہوئے مواقع، امتیازی سلوک، اور بدنامی کے تجربے سے گزرتے ہیں (ڈگنٹی فار آل: اے نیشنل اینٹی-پاورٹی پلان فار کینیڈا)[(Dignity For All: A National Anti-Poverty Plan for Canada)]

رہائش کیلئے کینیڈا ایسی جگہ بنتا جا رہا ہے جہاں اخراجات برداشت کرنے مشکل ہیں۔ جب افراط زر کے مطابق حساب لگایا گیا تو 1975ء میں اوسط کم سے کم تنخواہ کے مقابلے میں اس وقت کینیڈا بھر میں اوسط کم سے کم تنخواہ محض ایک پینی سے زیادہ ہے، اس حقیقت کے باوجود کہ رہائش، غذا، ذرائع آمدورفت، چائلڈ کیئر اور ہیلتھ کیئر کی قیمتوں میں بڑی بے رحمی سے اضافہ ہوا ہے۔

غربت کی قیمت اس کو کم کرنے کی قیمت سے کہیں زیادہ ہے۔ نیشنل کونسل آف ویلفیئر (National Council of Welfare) کی رپورٹ کے مطابق، ٹیکس ادا کرنے والوں کو غربت کی لاگت ہر سال 24 بلین ڈالر سے زیادہ آتی ہے۔ اور بے گھری کی کل قیمت کا سالانہ 7.05 بلین ڈالر اندازہ لگایا گیا ہے۔ تاہم کینیڈا میں بے گھری کے مکمل خاتمے کیلئے اس تعداد کا ہر سال محض آدھا لگے گا۔ مزید برآں، 6 سال سے کم عمر بچے کیلئے 1 ڈالر کی سرمایہ کاری مستقبل میں خرچ ہونے والے 9 ڈالر کی بچت کا باعث بنتی ہے۔

کینیڈا کے تمام صوبوں اور ٹیریٹوریوں، برٹش کولمبیا کے علاوہ، کے پاس غربت کو کم کرنے کی حکمت عملی موجود ہے یا وہ حالیہ حکمت عملی تشکیل دے رہے ہیں۔ ان حکمت عملیوں کا اہم پہلو غربت میں کمی کیلئے وفاقی سطح پر ایک بامقصد عہد کی ضرورت ہے۔ غربت میں کمی کیلئے زیادہ تر کام جن کو سرانجام دینے کیلئے صوبوں اور ٹیریٹوریوں نے عہد کیا ہے اس کیلئے وفاقی حکومت کی جانب سے تعاون کی ضرورت ہے۔

غربت میں کمی کیلئے ہمیں قومی سطح پر ایسی حکمت عملی کی ضرورت ہے جو حقیقی، باضابطہ اور قابل پیمائش طریقوں سے غربت کی عین وجوہات پر توجہ مرکوز کرتی ہو۔ اس حکمت عملی کے ایسے قابل حصول اہداف ہوں گے جو غربت سے متاثرہ افراد کی ضروریات اور شمولیت پر توجہ دیں گے۔ ترقی کے شفاف، احتساب اور واضح عوامل نیشنل پاورٹی رڈکشن اسٹریٹجی (National Poverty Reduction Strategy) کو مؤثر بنائیں گے۔

سوالات

1. کینیڈا میں غربت کو کم کرنے کیلئے کون کونسے اقدامات ہیں جن کی پیروی آپ کی پارٹی کرے گی؟
2. کیا آپ کی پارٹی نئی نیشنل پاورٹی رڈکشن اسٹریٹجی کی تائید کرتی ہے جو کینیڈا میں غربت کو کم کرنے کیلئے صوبوں، ٹیریٹوریوں اور میونسپلٹیوں کے ساتھ مل کر کام کرے گی؟

ذرائع:

مزید معلومات اور اس سلسلے کے اضافی حقائق ناموں کیلئے: http://spno.ca/canada-votes-2015

یہ سلسلہ مندرجہ ذیل کے ذریعے عمل میں آیا: کینیڈین کونسل آن سوشل ڈیویلپمینٹ، کمیونٹی ڈیویلپمینٹ کونسل درہم، کمیونٹی ڈیویلپمینٹ ہالٹن، ایڈمنٹن سوشل پلاننگ کونسل، سینٹ جان ہیومن ڈیویلپمینٹ کونسل، سوشل پلاننگ اینڈ ریسرچ کونسل آف بی سی، سوشل پلاننگ اینڈ ریسرچ کونسل آف ہیملٹن، سوشل پلاننگ کونسل آف کیمبرج اینڈ نارتھ ڈمفریز، سوشل پلاننگ کونسل آف کچنر-واٹرلو، سوشل پلاننگ نیٹ ورک آف اونٹاریو، اور سوشل پلاننگ ٹورانٹو۔

الیکشن کا دن: 19 اکتوبر 2015ء

ترجمہ بذریعہ ایم سی آئی ایس لینگویج سروسز- غیر منافع بخش تنظیم

www.mcislanguages.ca